© rasailojaraid.com

نقطۂ نظر سے جائزہ لیا گیا ہے وہ مسلم لیگ کا نقطۂ نظر ہے۔ دنیا کی کسی تحریک کے بارے میں، جس کی قیادت انبیاء علیہم السلام کے علاوہ عام انسانوں نے کی، یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس نے اس کے سارے تقاضوں کو صحیح طور پر پورا کیا۔ اس لیے مسلم لیگ نے پاکستان کا جو تجزیہ کیا ہے اس میں چونکہ ایک حد تک جذباتیت کا بھی ہے اس بنا پر وہ نظرثانی کا محتاج ہے۔ ہمیں بجا طور پر اس بات کی توقع تھی کہ اس معیاری پرچہ کے فاضل مرتبین تحریک پاکستان کے مطالعہ کے لیے ہمیں ایک صحیح نقطۂ آغاز بھی عطا کرتے۔ باقی یہ کوشش ہر لحاظ سے لائق ستائش ہے اور اس قابل ہے کہ اس کا غور و فکر سے مطالعہ کیا جاتے۔ یہ ایک ایسی تاریخی دستاویز ہے جس کا رکھنا ہر ذہین و فہیم انسان کے لیے نہایت ضروری ہے۔

**ماہنامہ اردو ڈائجسٹ** مجلس ادارت: ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی، ایم، اے، پی، ایچ، ڈی۔ جناب امین اللہ وثیر صاحب، ایم، اے۔ جناب الطاف حسین قریشی صاحب، ایم اے۔ جناب ظفر اللہ خاں ایم۔ اے۔ جناب طاہر قادری۔ ایڈیٹوریل بورڈ کا پتہ: نصرت منزل، ۵ مین روڈ، سمن آباد، لاہور۔ انتظامی دفتر کا پتہ ۱۶۔ بیڈن روڈ۔ لاہور۔ قیمت فی پرچہ ایک روپیہ پانچ آنے۔

اس مشینی دور میں جب کہ زندگی ایک نہایت تند و تیز رو کی مانند ہو گئی ہے اور وقت برق رفتاری کے ساتھ گزرنے لگا ہے، ایک عام انسان کے بس سے مختلف کتب اور رسائل کا مطالعہ کرنا قریب قریب ناممکن سا بن گیا ہے۔ چنانچہ یورپ میں ان بدلے ہوئے تقاضوں کے پیش نظر بعض ایسے رسائل شائع ہو رہے ہیں جن میں مختلف جرائد کا بہترین انتخاب شائع ہو جاتا ہے اور لوگ انہیں کا مطالعہ کر کے وقت کی رفتار کو پہچان لیتے ہیں۔ یہ ضرورت عرصہ دراز سے اس ملک میں بھی محسوس کی جا رہی تھی۔ چنانچہ اسی ضرورت کے پیش نظر یہ رسالہ نکالا گیا ہے۔ خوش قسمتی سے اس رسالہ کو ایسے فاضل اساتذہ کی خدمات حاصل ہو گئی ہیں جو

© rasailojaraid.com